Notification No: 566/2024

Date Of Award: 06/09/2024

Name of the Scholar: Nusrat Perween

Name Of the Supervisor: Dr.S.Tanvir Husain

Name Of the Department/Centre: Department Of Urdu

Topic Of Research: FUZAIL JAFRI KI SHERI-O-NASRI KHIDMAAT

Findings

فضیل جعفری جدیدیت کے علم برداروں میں ایک بڑا اہم نام ہے۔ جنہوں نے اپنے جدید تنقیدی اور تحقیقی مضامین اور طویل مقالات کے سبب ان اہم جہات ونکات کو پیش کیا جوان کے ہم عصر ناقدین سے مختلف ہیں۔ اردو ادب کے لیےان کے تنقیدی مضامین کے مجموعے بیش بہا ذخیرہ اور دیگر اہم معلومات کی بنا پر بڑے ٹھوس اور مدلل مانے جاتے ہیں۔ ویسے اگر ہم ان کے عہد کا احاطہ کریں تو یہ زمانہ بیسویں صدی کو محیط ہے۔ بیسویں صدی ہندوستانی تاریخ میں تہذیب، سماج اور ادبیات کے لیے ایک ایسا موڑ ہے جہاں متعدد تبدیلیاں ہوئیں۔ جدید دور کے حساس اور باشعور فن کاروں نے جس طرح اسے قبول اور ظاہر کیا اس میں فضیل جعفری کا نام بھی بڑا اہم معلوم پڑتا ہے۔ فضیل جعفری کی چار تنقیدی کتابیں اپنے عنوانات، تفصیل اور مدلل بیانات کے لیے جدید تنقید کا بہترین نمونہ ہیں۔ اس لحاظ سے فضیل جعفری کا مقام اردو ادب میں بڑا منفرد ہے۔ فضیل جعفری کی شاعری کے حوالے سے اگر بات کی جائے تو ان کے دو شعری مجموعے 'رنگ شکستہ' اور 'افسوس حاصل کا' میں 75-75 غزلیں شامل ہیں۔ فضیل جعفری بنیادی طور پر غزل گو شاعر تھے۔ ان کی شاعری میں جو کمال ان کو حاصل رہا اس سے کئی درجہ زیادہ انہوں نے نثر میں اصل کارنامہ انجام دیا۔ ان کی شاعری جدید شاعری میں شخصی اور ذاتی اعتبار سے بلند مانی جائے گی جس میں جدید انسان کے کرب کی بہترین ترجمانی کی گئی ہے۔ ان کے ذاتی اور احساساتی کردار کا بھی ان کی شاعری میں بڑا عمل دخل ہے۔ جہاں ان کی شاعری میں تصور عشق، تصور غم، تاریخی وتہذیبی پس منظر، عصر حاضر کی سیاسی عکاسی، تہذیبی اقدار کا بحران، بے خانمائی کا شدید احساس اور اسلوب بیان کو دیکھا جائے تو بیسویں صدی کا وہ زمانہ اور اس کے حالات کی عکاسی ہی کی گئی ہے جس میں اس صدی کی اجتماعی زندگی ۔ عام اسالیب اور اس کے تشدد کی گرفت سے شاید ہی کوئی حساس انسان محفوظ رہ سکا ہو۔

فضیل جعفری اتنے گہرے اور بین الاقوامی مطالعے سے بات کو ثابت کرتے ہیں جس میں خیال کی ندرت، وسیع مطالعہ اور کشادہ ذہن کی داد دینی ہوگی۔ فن کے حوالے سے ان کی تحریر میں وسعت، گہرائی اور وسیع مطالعے کی جھلک دیکھنے کو ملتی ہے۔